ت اور نبی و محمد صلی اللہ علیہ وسلم

# Mcq's اصول الشاشی

1) مصنف اصول الشاشی کا اسم گرامی بعض حضرات علماء نے کیا تحریر کیا؟

1) اسحاق بن ابراہیم الشاشی سمرقندی 2) نظام الدین الشاشی سمرقندی

2) آپ کی وفات کب اور کہاں ہوئی؟

1) ۳۲۵ سن ہجری مصر میں 2) ۳۸۵ سن ہجری شام میں 3) ۳۷۵ سن ہجری ایران میں

3) صاحب کشف الظنون نے کتاب کا نام کیا لکھا ہے؟

1) کتاب الخمسین 2) کتاب الثلثین 3) کتاب الاربعین

4) کتاب الخمسین کی کتنی وجہ تسمیہ ہے؟

1) دو 2) چار 3) تین

5) اور وہ کون کون سی ہے؟

1) عمر پچاس سال تھی / پچاس دن میں تحریر ہوئی 2) عمر ساٹھ سال تھی / ساٹھ دن میں تحریر ہوئی
3) عمر ستر سال تھی / ستر دن میں تحریر ہوئی

6) صاحب کشف الظنون نے مصنف (علیہ الرحمہ) کا کیا نام تحریر کیا؟

1) نظام الدین الشاشی 2) اسحاق بن ابراہیم الشاشی 3) کوئی سا بھی نہیں

7) ماء وراء النھر کے شہروں میں سے ایک شہر کا نام کیا ہے؟

1) شاش 2) شام 3) شاشی

8) مصنف (علیہ الرحمہ) نے نہی کی تعریف کیوں نہیں کی؟

1) معناہ فللشہرۃ یعنی اس کے معنی شہرت کی وجہ سے 2) معناہ میں اختلاف کی وجہ سے
3) ان میں سے کوئی وجہ نہیں ہے۔

9) نہی کا لغوی معنیٰ یہ ہیں؟

1) نکلنا 2) دفاع کرنا 3) روکنا

10) نہی کا اصطلاحی معنیٰ یہ ہے؟

1) بلند مرتبہ ہونے کی بنیاد پر دوسرے کو کہنا کہ فلاں کام نہ کرو 2) بلند مرتبہ والا نے کو اور کم تر کو نہ بولیے 3) بلند مرتبہ ہونے کی بنیاد پر بلند شخص کو کام سے روکنا

11) نہی کی کتنی اقسام ہیں؟

1) دو 2) تین 3) چار

12) وہ افعال جن کی معرفت کا دارومدار حس یعنی محسوس کرنے پر موقوف ہونے کہ شریعت پر یہ کس کی تعریف ہے؟

1) افعال حسیہ 2) افعال نہی 3) افعال شرعیہ

13) جس فعل پر نہی وارد ہوتی ہے "منہی عنہ" اس چیز کا عین ہوتی ہے یہ کس کا حکم ہے؟

1) افعال حسیہ 2) حروف عاطفہ 3) ان میں سے کوئی نہیں

14) وہ افعال جن کی معرفت کا دار و مدار شریعت پر موقوف ہو یہ کس کی تعریف ہے؟

1) افعال شرعیہ 2) نصوص 3) افعال نہی

15) افعالِ حسیہ اپنی ذات کے اعتبار سے کیا ہے؟

1) قبیح ہے 2) پسندیدہ 3) ان میں سے کوئی نہیں۔

16) "منہی عنہ اس چیز کا غیر ہوتی ہے جس پر نہی وارد ہوئی ہے" یہ کس کا حکم ہے؟

1) افعالِ شرعیہ 2) افعال حسیہ 3) نصوص

17) افعال شرعیہ اپنی ذات کے اعتبار سے کیا ہے؟

1) حسن 2) قبیح 3) ان میں سے کوئی نہیں

18) افعال شرعیہ اپنے غیر کے اعتبار سے کیا ہے؟

1) قبیح 2) حسن 3) مودل

19) افعال شرعیہ میں شارع سے کون سی بات محال ہے؟

1) کہ وہ عاجز کو نہی کرے 2) کہ وہ عاجز کو نفی نہ کرے 3) کہ وہ عاجز کو تقوی دیے دے۔

20) تصرفاتِ شرعیہ کا وجود نہی کے بعد بھی باقی رہتا ہے؟

1) جی ہاں 2) باقی نہیں رہ سکتا 3) باقی رہ سکتا ہے

Scanned with CamScanner

21) بیع فاسد میں جب مبیع پر قبضہ کر لیا جائے تو کیا حاصل ہو جاتی ہے؟

1) ملک 2) دولت 3) ان میں سے کوئی نہیں

22) بیع کے حرام ہونے کی حالت میں کیا کرنا واجب ہے؟

1) توڑنا 2) چھوڑنا 3) لازم کرنا

23) نکاح کی صورت میں کیا چیز واجب ہوتی ہے؟

1) تصرف کا حلال ہونا 2) تصرف کا حرام ہونا 3) تصرف کا ہلاک ہونا۔

24) اگر مشروعیت کو باقی رکھا جائے تو کتنی چیز جمع کرنا لازم ہے؟

1) دو 2) تین 3) چار

25) حلت اور حرمت کو جمع کرنا کیا ہے؟

1) محال ہے 2) واجب ہے 3) گناہ ہے

26) نہی کو کس پر محمول کیا جائے گا؟

1) نہی کو نفی 2) نہی کو عزت 3) نہی کو افعال حسیہ

27) اگر ...

28) ومن هذا النوع ..... وطء ........ یہ عبارت مکمل کریں؟

1) الحائض 2) الزنا 3) الطهری

29) حائضہ عورت سے وطی کیوں منع ہیں؟ وجہ

1) ناپاکی کی وجہ سے 2) خون کی وجہ سے 3) ان میں سے کوئی نہیں

30) ایک شخص نے حائضہ عورت سے وطی کی اس نے حرام کا ارتکاب کیا تو جب بھی احکام ثابت ہو جائیں گے؟

1) جی ہاں ہو جائیں گے 2) احکام ثابت نہیں ہونگے 3) جائز نہیں

31) اور اگر وہ عورت مہر کی عدم ادائیگی کی وجہ سے خاوند کو جماع سے روک دے تو کس کے نزدیک وہ عورت نافرمان شمار ہوگی؟

1) صاحبین (رحمۃ اللہ تعالی علیہ) 2) امام محمد (رحمۃ اللہ تعالی علیہ) 3) طرفین (رحمۃ اللہ تعالی علیہ)

32) صاحبین (رحمۃ اللہ تعالی علیہ) کے نزدیک نفقہ کی مستحق ہوگی وہ عورت؟

1) نہیں ہوگی 2) جی ہاں 3) لازم ہے دینا

33) وَلَا تَقْبَلُوا لَهُمْ شَهَادَةً أَبَدًا کے ضمن میں احناف کیا کہتے ہیں؟

1) فاسق اہل شہادت سے ہو قبول کی جائے گی 2) فاسق کی شہادت قبول کرنا حرام ہے
3) فاسق اہل شہادت سے ہو قبول کی جائے گی
نہیں

34) شہادت کی قبولیت سے روکنا اہلیت شہادت کے بغیر یہ ہے؟

1) اہلیت شہادت کے بغیر محال ہے 2) حلال ہے 3) اہلیت شہادت کے بغیر حرام ہے

35) اللہ تعالیٰ نے کن لوگوں کی گواہی قبول کرنے سے منع فرمایا ہے؟

1) جن کو قذف کی حد لگی ہو 2) جن کو محال قرار دیا 3) جن کو حرام قرار دیا

36) وہ شہادت کی اہلیت تو رکھتے ہیں لیکن ان کی طرف سے گواہی کی ادائیگی صحیح نہیں ہے یہی وجہ ہے کہ ایسے لوگوں پر کیا واجب نہیں ہوتا؟

1) لعان واجب نہیں ہوتا 2) بیع کرنا 3) ان میں سے کوئی نہیں

37) نصوص کی مراد پہچاننے کے کتنے طریقے ہیں؟

1) تین 2) چار 3) دو

38) نصوص آیات ہو یا احادیث جب بھی تین طریقے ہیں؟

1) جی یہ ہی طریقہ ہے 2) نہیں 3) اور بھی طریقے ہیں

39) کوئی لفظ جب کسی معنی کے لئے بطور حقیقت اور دوسرے معنی کے لیے بطور مجاز استعمال ہو تو کس پر عمل کرنا اولیٰ ہے؟

1) حقیقت پر 2) مجاز پر ضروری ہے 3) حقیقت پر عمل کرنا غلط ہے۔

Scanned with CamScanner

40) جب کسی لفظ کے معنیٰ میں دو احتمال ہوں اور ان میں سے ایک کی وجہ سے نص میں تخصیص واجب ہوتی ہو تو جو معنیٰ تخصیص کو ملتزم ہو وہ مراد لینا کیا ہے؟

1) اولیٰ ہے 2) واجب ہے 3) سنت ہے

41) جب کوئی نصِ قرآنی دو قراتوں سے پڑھی جائے یا کوئی حدیث دو راویتوں سے مروی ہو تو کونسے طریقے پر عمل کرنا اولیٰ ہیں؟

1) جس سے دونوں صورت پر عمل کرنا اولیٰ ہو 2) جس سے ایک صورت پر عمل کرنا اولیٰ ہو
3) جس سے دوسری صورت پر عمل کرنا اولیٰ ہو

42) جو لڑکی زنا کی وجہ سے پیدا ہوئی ہے احناف کے نزدیک زانی کا اس سے یعنی اس لڑکی سے نکاح کرنا کیا ہے؟

1) حرام ہے 2) جائز ہے 3) ناجائز ہے

43) اگرچہ یہ لڑکی مجازاً اس کی بیٹی نہیں سمجھی جاتی ہے کیونکہ نکاح کے بغیر پیدا ہوئی ہے تو کیا وجہ ہے کہ اس کی احناف حقیقی بیٹی کیوں سمجھتے ہیں دونوں صورت بتائیں؟

1) قرآن کی آیت "حُرِّمَتْ عَلَيْكُمْ اُمَّهٰتُكُمْ" اور اس کے پانی سے پیدا ہوئی ہے 2) "اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ" اور صرف اس کو چھونے کے ساتھ 3) ان میں سے کوئی نہیں ہے۔

44) اگر اس آیت کو "اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ" کو جماع پر محمول کیا جائے تو کیا صورت ہوگی احناف کے نزدیک؟

1) جماع کی تمام صورتوں پر عمل ہو جائے گا 2) جماع کی کچھ صورتوں پر عمل ہوگا
3) جماع کی کسی بھی صورت پر عمل نہیں ہوگا۔

Scanned with CamScanner

45) اگر اس آیت کو "اَوْ لٰمَسْتُمُ النِّسَآءَ" کو ہاتھ لگانے پر محمول کیا جائے تو کیا صورت ہوگی امام شافعی (رحمۃ اللہ علیہ) کے نزدیک؟

1) بعض صورتوں کے ساتھ خاص ہوگی 2) کسی بھی جماع کی صورت پر عمل نہیں ہوگا
3) ہر ہر صورت پر عمل ہوگا

46) امام شافعی (رحمۃ اللہ تعالی علیہ) کے نزدیک عورت کو ہاتھ لگانے کے بعد وضو کی کیا صورت ہے؟

1) وضو ٹوٹ جاتا ہے 2) وضو باقی رہتا ہے 3) ان میں سے کوئی نہیں

47) امام شافعی (رحمۃ اللہ تعالی علیہ) کے نزدیک محارم اور بلکل چھوٹی بچی کو ہاتھ لگانے سے وضو کی کیا صورت ہے؟

1) وضو نہیں ٹوٹتا 2) وضو ہوگا ہی نہیں 3) وضو ٹوٹ جائے گا

48) امام شافعی (رحمۃ اللہ تعالی علیہ) کے نزدیک اگر نماز میں یاد آئے کہ میں نے عورت کو ہاتھ لگایا ہے تو اب پانی نہ ہونے کی صورت میں کیا چیز واجب ہوگی؟

1) تیمم کرنا 2) سو جانا 3) اپنے وطن لوٹ جانا

49) "وَاَرْجُلَكُمْ" کی کتنی قرأت کا ذکر ہے اصول الشاشی کے مطابق بیان کریں

1) دو قرأت ہیں 2) ایک قرأت ہیں 3) چار قرأت ہیں

50) اگر "وَاَرْجُلَكُمْ" کو نصب کی قرأت پر محمول کیا جائے تو کس پر عطف ہوگا؟

1) مغسول پر 2) ممسوح پر 3) دونوں پر عطف ہوگا

Scanned with CamScanner

S1) اگر "وَاَرْجُلَكُمْ" کو جر کی قرأت پر محمول کیا جائے تو کس پر عطف ہوگا؟

1) ممسوح پر 2) مغسول پر 3) دونوں پر عطف ہوگا۔

S2) اگر عورت کو دس دن حیض آئے تو "يَطْهُرْنَ" کو کونسی قرأت پر محمول کیا جائے گا؟

1) تخفیف پر 2) ممسوح پر 3) مغسول پر

S3) اگر تخفیف کی قرأت پر عمل کریں تو حیض والی عورت سے اس کے غسل کرنے سے پہلے بھی جماع کرنا کیا ہے؟

1) جائز ہے 2) ناجائز ہے 3) واجب ہے۔

S4) امام شافعی کے نزدیک قے کیا ہیں؟

1) قے ناقض وضو نہیں ہے 2) قے ناقض وضو ہے 3) ان دونوں میں سے کوئی نہیں۔

S5) امام شافعی اس آیت مبارکہ سے "حُرِّمَتْ عَلَيْكُمُ الْمَيْتَةُ" کیا استدلال کرتے ہیں؟

1) مکھی پانی میں گر جائے تو خراب ہوجاتا ہے 2) پانی میں مُردار گر جائے 3) پانی میں مچھر گر جائے

S6) حضور (صلی اللہ علیہ وسلم) کا ارشاد ہے کہ ان دنوں "عیدین اور ایام تشریق" میں روزے نہ رکھو کیونکہ یہ کھانے پینے اور جماع کے دن ہیں۔ شوافع نے استدلال کیا ہے؟

1) قربانی کے دن روزہ رکھنے کی نذر ماننا صحیح نہیں ہے 2) روزہ رکھنے کی نذر ماننا صحیح ہے 3) ان دونوں میں سے کوئی نہیں

Scanned with CamScanner

57) وَإنما الخلاف في سقوط الواجب بأداء...... بأداء کے بعد کیا لفظ ہے؟

1) القيمة 2) الزكاة 3) الشاة

58) اگر باپ اپنے بیٹے کی لونڈی کو امِّ ولد بنالے تو یہ کام حرام ہے لیکن باپ کے لئے کیا ثابت ہو جائے گی؟

1) مِلک 2) حلال 3) زوجہ

59) وہ کتنے باِسمعنی حروف ہیں جن سے صاحب کتاب نے بحث کی ہے؟

1) وہ گیارہ حروف ہیں 2) وہ ستر احروف ہیں 3) وہ بارہ حروف ہیں

60) واؤ احناف کے نزدیک کس لیے آتا ہے؟

1) مطلق جمع کے لیے 2) جدائی کے لیے 3) فصل کے لیے

61) امام شافعی "واؤ" کس لیے استعمال کرتے ہیں؟

1) ترتیب کے لیے 2) صرف ایک کے لیے 3) مطلق فصل کے لیے۔

62) احناف کے نزدیک اگر کسی شخص نے یوں کہا کہ اگر تو نے زید اور عمر سے بات کی پس تو نے تجھے طلاق ہے۔ تو اس نے پہلے عمر سے پھر زید سے بات کی تو طلاق کی کیا صورت ہے؟

1) طلاق واقع ہو جائے گی 2) طلاق نہیں ہوگی 3) یہ طلاق کی صورت نہیں ہے۔

Scanned with CamScanner

63) امام محمد (رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ) نے "واؤ" کی ترتیب کے رد میں کون سی مثال دیں ؟

1) اِنْ دَخَلْتِ الدَّارَ وَاَنْتِ طَالِقٌ 2) اِنْ كَلَّمْتِ زَيْدًا وَعُمَرَ فَانْتِ
3) اِنْزِلْ وَاَنْتَ اٰمِنٌ۔

64) امام محمد (رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ) کی اس مثال میں "ان دخلت الدار وانت طالق" اگر "واؤ" ترتیب کو چاہتی تو طلاق کس پر مرتب ہو جاتی ؟

1) دخول پر 2) جماع پر 3) خارج ہونے پر۔

65) کہتے ہیں کہ "واؤ" کبھی حال کے لئے بھی آتی ہے تو یہ "واؤ" کس کو جمع کرتی ہے ؟

1) حال اور ذوالحال کو جمع کرتی ہے 2) مطلق بیان اور حال کو جمع کرتی ہے
3) حال اور مستقبل کو جمع کرتی ہے۔

66) حال اور ذوالحال کلام میں کس کا معنیٰ پیدا کرتے ہیں ؟

1) شرط کا معنیٰ 2) ملانے کا معنیٰ 3) جمع کا معنیٰ

67) امام محمد (رحمۃ اللہ علیہ) کا یہ قول ہے کہ جب اس نے اپنے غلام سے کہا "اَدِّ اِلَیَّ اَلْفًا وَاَنْتَ حُرٌّ" اس مثال میں آزادی کے لیے ایک ہزار روپیہ دینا کیا ہے ؟

1) شرط ہے آزادی کے لیے 2) واجب ہے آزادی کے لیے 3) جائز ہے آزادی کے لیے۔

68) حال میں "واؤ" کو کس معنیٰ میں استعمال کیا جاتا ہے ؟

1) بطور مجاز کے لیے 2) چیز کی حقیقت کے لیے 3) مستقبل کے لیے۔

Scanned with CamScanner

69) واؤ کو حال پر محمول کرنے کی کتنی شرط ہے؟

1) دو 2) تین 3) چار۔

70) اگر کسی شخص نے اپنی بیوی سے کہا "اَنْتِ طَالِقٌ وَاَنْتِ مَرِیْضَۃٌ اَوْ مُصَلِّیَۃٌ" تو اس صورت میں واؤ کو تعلیق پر محمول نہیں کیا تو واؤ کس معنی میں آئے گا؟

1) ان دونوں میں سے کسی معنی میں نہیں ہوگا 2) حال کے معنی 3) جمع کے معنی۔

71) اگر کسی شخص نے اپنی بیوی سے کہا "اَنْتِ طَالِقٌ وَاَنْتِ مَرِیْضَۃٌ اَوْ مُصَلِّیَۃٌ" تو اس صورت میں واؤ کو تعلیق پر محمول کیا گیا تو واؤ کس معنی میں آئے گا؟

1) حال کا احتمال ہوگا 2) جمع کا احتمال ہوگا 3) ان میں سے کوئی نہیں۔

72) اگر عورت نے اپنے خاوند سے کہا "طَلِّقْنِیْ وَلَکَ اَلْفٌ" اور خاوند نے طلاق دے دی تو اس صورت میں کیا ہوگا؟

1) طلاق واقع ہو جائے گی 2) طلاق نہیں ہوگی 3) یہ طلاق کی صورت نہیں ہے

73) آپ نے کہا کہ اگر عورت نے اپنے خاوند سے کہا "طَلِّقْنِیْ وَلَکَ اَلْفٌ" تو طلاق واقع ہو جائے گی۔ تو اس مثال میں "وَلَکَ اَلْفٌ" کیا ہے؟

1) اس مثال میں یہ لفظ لغو قرار پائیں گے 2) اس مثال کی حقیقت ہے 3) اس مثال میں لفظ

74) فاء کتنے معنی میں استعمال ہوتا ہے؟

1) کبھی دو میں 2) کبھی چار میں 3) کبھی تین میں۔

75) فاء کس معنی میں آتا ہے؟

1) تعقیب مع الوصل اور علت 2) وصل اور اصل 3) ان دونوں میں سے۔

76) تعقیب مع الوصل کی وضاحت یہ ہیں؟

1) معطوف علیہ کے بعد معطوف پایا جائے گا 2) معطوف علیہ کے بعد عطف بیان ہوگا
3) معطوف علیہ سے پہلے بدل ہوگا۔

77) شرط کی جزاء میں لفظ فاء کیوں لایا جاتا ہے؟

1) اس لیے کہ جزاء شرط کے بعد آتی ہے 2) جزاء شرط سے پہلے آتی ہے 3) جزاء شرط کے بعد نہیں آتی۔

78) اگر کسی شخص نے کہا "بعت منك هذه العَبْدُ بالفٍ" اور دوسرے نے کہا "فَهُوَ حُرٌّ"
تو یہ بات بیع کو قبول کرنا ہے اور یہ قبولیت کی وجہ سے ثابت ہوتی ہے؟

1) اقتضاء النصّ 2) اشارۃ النصّ 3) دلالۃ النصّ۔

79) "أنظر إلى هذا الثوب أيكفيني قميصًا؟ فنظر فقال ---- فقال صاحب
الثوب: عبارت مکمل کریں درست لفظ کے ساتھ؟

1) نعم 2) هل 3) لا۔

80) اگر کسی شخص نے دوسرے سے کہا کہ میں نے تجھ پر یہ کپڑا دس درھم سے بیچا پس اسے
کاٹ دے اور اس دوسرے آدمی نے کچھ کہے بغیر کپڑا کاٹ دیا تو کیا چیز
مکمل ہوگی؟

1) بیع مکمل ہو جائے گی 2) اس کا راضی ہونا 3) بیع کا مکمل نہ ہونا۔

Scanned with CamScanner

81) اگر شخص نے اپنی بیوی سے کہا "ان دخلت هذه الدار فهذه الدار فانت طالق" اگر وہ دوسرے گھر میں پہلے داخل ہوئی اور پہلے گھر میں بعد میں داخل ہوئی تو کون سی صورت نہیں کہ طلاق واقع نہیں ہوگی؟

1) اس درمیان میں کچھ مدت گزر گئی ہو۔ 2) اس درمیان اس کی مدت نہ گزری
3) ان میں سے کوئی نہیں۔

82) اگر آدمی نے اپنے غلام سے کہا "أدالي ألفا فأنت حرٌّ" تو غلام کچھ ادا بھی نہیں کرے اور پھر وہ آزاد ہے تو اس مثال میں "فاء" کس معنی میں استعمال ہوگا؟

1) علت کے لئے 2) ترتیب کے لئے 3) جمع کے لئے۔

83) اگر کسی شخص نے اپنے وکیل سے کہا "أمرُ امرأتي بيدك فطلقها" تو کتنی اور کون سی طلاق واقع ہوگی؟

1) ایک طلاق بائنہ 2) دو طلاق رجعی 3) ایک طلاق رجعی۔

84) وہ کون سے الفاظ ہیں جس کے کہنے سے دو طلاقیں واقع ہوں گی ایک رجعی اور دوسری بائنہ؟

1) طلقها وجعلت أمرها بيدك 2) طلقها فجعلت امرها بيدك
3) ان میں سے کوئی نہیں ہے

85) حضور (صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم) کی حدیث کے مطابق لونڈی آزاد کر دی جائے تو اختیار ہے چاہے نکاح باقی رکھے یا فسخ کردے تو اس میں کس کا اعتبار نہیں رہے گا؟

1) خاوند کا اعتبار نہیں کیا جائے گا 2) لونڈی کی اجازت کا 3) آزادی کا

92) جب کوئی شخص اپنی غیر مدخولہ بیوی سے کہتا ہے "انت طالق واحدۃ بل ثنتین" تو طلاق کے بجائے ایک طلاق واقع کیوں ہوتی ہیں؟

1) کلام انشاء ہیں 2) کلام انشاء نہیں ہے 3) کلام خبر ہے۔

93) حرف "لکن" کس کے لئے استعمال ہوتا ہے؟

1) نفی کے بعد استدراک کے لیے 2) نفی سے پہلے استدراک کے بعد 3) استدراک کے لیے نہیں آتا

94) حرف "لکن" کس کو دور کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے؟

1) پہلے کلام سے جو وہم پیدا ہوتا ہے 2) دوسرے کلام میں جو وہم پیدا ہوتا ہے۔
3) ان میں سے کوئی نہیں۔

95) "لکن" ہمیشہ اس کے لیے نہیں آتا۔

1) عطف کے لئے 2) عطف بیان کے لئے 3) اتصال کے لئے۔

96) اگر کلام میں اتصال ہو اور اس کے ماقبل اور مابعد کے درمیان تضاد بھی نہ ہو تو یہ عطف کے لیے آئے گا اور کس کے لیے آئے گا؟

1) مستانف ہوگا 2) مستانف ہوتا ہی نہیں 3) معطوف علیہ۔

97) جب کسی شخص نے کہا "لفلان علیّ الف قرض" تو دوسرے نے کہا "لا و لکنہ غصب" تو یہاں کلام میں اتصال ہے لہذا اس پر ایک ہزار لازم ہو جائیں گے اور نفی کا تعلق سبب پر ہے اور نفی کا تعلق کس کے ساتھ نہیں ہوگا۔

1) نفس مال کے ساتھ نہیں ہوگا 2) مال کا ہوگا 3) نفس کا ہوگا۔

98) "أَوْ" کتنے معنی کے لیے آتا ہے؟

1) دو مذکورہ 2) چار مذکورہ 3) تین مذکورہ۔

99) اگر کوئی شخص کہے "هٰذا حُرٌّ أَوْ هٰذا" تو یہ ایسے ہی ہوگا جیسے اس نے یہ کہا؟

1) أَحَدُهُمَا حُرٌّ 2) وَاحِدٌ حُرٌّ 3) هٰذا حُرٌّ۔

100) قول:- "لا أُكَلِّمُ أَحَدَ هٰذَيْنِ وَهٰذَا" فلا يحنث ما لم يكلم أحد الأولين والثالث امام زفر (رحمۃ اللہ) کے نزدیک کتنوں سے کلام کرنے پر حانث ہوگا؟

1) دو میں سے ایک اور تیسرے سے کلام کرنے پر 2) دونوں سے اور تیسرے سے کلام نہ کرنے پر
3) تیسرے سے کلام کرنے پر۔

101) اسی مثال کے تحت ائمہ ثلاث کے نزدیک کتنوں سے کلام کرنے پر حانث ہوگا؟

1) صرف پہلے سے کلام کرنے پر 2) صرف دوسرے اور تیسرے سے کلام کرنے پر
3) صرف دوسرے سے کلام کرنے پر۔

102) اگر کوئی شخص نکاح کرنے کے وقت مہر کے سلسلے میں کہے "عَلٰى هٰذَا أَوْ عَلٰى هٰذَا" تو امام اعظم ابو حنیفہ (رحمہ اللہ) کے نزدیک کتنا مہر واجب ہوگا؟

1) مہر مثل 2) دس درھم 3) سو درھم۔

103) نکاح میں مہر مثل کیا ہے؟

1) موجب اصلی 2) اصل ہے 3) سنت ہے۔

Scanned with CamScanner

104) موجب اصلی کو مقرر کیا جائے پر کس وقت چھوڑا جاتا ہیں؟

1) مہر قطعی طور پر معلوم ہو 2) مہر قطعی طور پر معلوم نہ ہو 3) ان میں سے کوئی نہیں

105) لفظ "او" نفی اور اثبات دونوں صورتوں میں ایک جیسا عمل کرتا ہے یا نہیں؟

1) ایک جیسا عمل نہیں کرتا 2) ہمیشہ ایک جیسا عمل کرتا ہے 3) او کبھی بھی عمل نہیں کرتا

106) لفظ "او" نفی اور اثبات دونوں میں سے کون سی صورت پر پہلے عمل کرتا ہے؟

1) دو مذکورہ میں سے ہر ایک کی نفی کرتا ہے 2) دو مذکورہ میں سے دونوں پر عمل کرتا
3) ان میں سے کوئی نہیں ہے

107) اگر کسی شخص نے کہا "لا اُکلّم ھٰذا او ھٰذا" تو اب ان میں سے کسی ایک سے کلام کرے تو حانث ہو جائے گا۔ تو اللہ تعالیٰ کے اس قول میں "فکفّارتُہٗ اطعامُ عشرۃ مساکین" تو یہاں تین چیزوں میں سے کتنی چیزوں کا اختیار کرنا چاہیے؟

1) کسی ایک کو اختیار کیا جا سکتا ہے 2) دو چیزوں کو اختیار کر سکتا ہے 3) تین چیزوں کو ایک ساتھ

108) کیا لفظ "او" کسی اور معنی میں بھی آتا ہے؟

1) اُو حتّٰی کے معنی میں آتا ہے 2) اِنّ کے معنی میں 3) اِلیٰ کے معنی میں۔

109) لفظ "حتّٰی" کس کے لیے آتا ہے؟

1) غایت کے لئے 2) ترتیب کے لئے 3) جمع کے لئے۔

Scanned with CamScanner

110) لفظ "حتّٰی" کے لیے شرط یہ ہے کہ اس کا ماقبل کیسے ہو؟

1) ~~امتداد کے ہو~~ قابل امتداد ہو 2) جمع ہو 3) غایت ہو۔

111) لفظ "حتّٰی" کے لیے شرط یہ ہے کہ اس کا مابعد کیسے بننے کی صلاحیت رکھتا ہو؟

1) غایت کو 2) امتداد ہو 3) جمع ہو۔

112) شرط یہ ہے کہ اس کا ماقبل امتداد ہو اور مابعد غایت بننے کی صلاحیت رکھتا ہے اگر یہ شرط نہ پائی جائے تو ماقبل اور مابعد کیسے بنے گا؟

1) ماقبل سبب اور مابعد جزاء 2) مابعد سبب اور ماقبل جزاء 3) ان میں سے کوئی نہیں۔

113) اس کا ماقبل یا مابعد جزاء بن سکے گا تو پھر کس کے لیے آئے گا؟

1) محض عطف کے لئے 2) محض ترتیب کے لئے 3) محض امتداد کے لئے۔

114) امام محمد (رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ) کی اس مثال میں "عبدي حرّ ان لم أضربك حتى يشفع فلان يا حتى تصيح، يا حتّٰى تشتكي بين يديّ يا حتّٰى يدخل الليل" حقیقی طور پر غایت کا معنی ہے لیکن بار بار مارنے سے کس چیز کو قبول کر رہا ہے؟

1) امتداد کو 2) سبب کو 3) غایت کو۔

115) امام محمد (رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ) کی اس مثال میں "عبدي حرٌّ إن لم آتك حتّٰى تغدّيني" چونکہ کھانا دینا نہ آنے کی غایت نہیں بن سکتا اس لیے وہ تو بار بار آنے کا سبب ہے لہٰذا یہاں حتّٰی ~~کس~~ غایۃ کے لیے ~~نہیں آیا ہے~~؟

1) ~~غایت کے لیے~~ آیا ہے 2) ~~جزا کے لیے~~ نہیں آیا 3) ~~امتداد کے لیے~~ جائز نہیں

Scanned with CamScanner

116) "حتّیٰ" محض عطف کے لیے کب آتا ہے؟

1) مابعد اوّل کا جزء بنے 2) ماقبل اوّل کا جزء بنے 3) ماقبل اوّل کا جزء نہ بنے

117) "اِلٰی" کس کے لیے استعمال ہوتا ہے؟

1) انتہائے غایت کے لئے 2) انتہاء مابعد کے لئے 3) صرف غایت کے لئے

118) لفظِ "اِلٰی" کی کتنی صورتیں ہیں؟

1) دو 2) چار 3) کوئی صورت نہیں ہے۔

119) بعض اوقات حکم کو آگے بڑھانے کے لیے آتا ہے اور بعض اوقات مابعد کو حکم سے ساقط کرنے کے لیے آتا ہے، یہ کس کی صورتیں ہیں؟

1) اِلٰی انتہاء کی 2) غایت کی 3) محض عطف کی۔

120) "اشتریت ھذا المکان اِلٰی ھذا الحائط" اس مثال میں کیا چیز ہے دخل نہیں ہے

1) جدار بیع میں داخل نہیں ہے 2) غایت دخل ہے 3) ان میں سے کوئی نہیں

121) کلمہ "اِلٰی" کا ایک معنٰی یہ بھی ہے؟

1) کبھی کلمہ "اِلٰی" حکم کو غایت تک مؤخر کرنے کے لئے آتا ہے۔
2) کبھی کلمہ "اِلٰی" غایت کو شروع کرنے کے لئے آتا ہے۔
3) کبھی کلمہ "اِلٰی" انتہاء کے لئے آتا ہے۔

Scanned with CamScanner

122) کسی شخص نے اپنی بیوی سے کہا "أنتِ طالق الی شہر" اور اس کی نیت کوئی نہ ہو تو امام اعظم (رحمۃ اللہ علیہ) کے نزدیک طلاق کا کیا حکم ہیں؟

1) اسی وقت طلاق واقع نہ ہوگی 2) طلاق اس وقت واقع ہو جائے گی
3) طلاق کی کوئی صورت نہیں ہے یہ۔

123) وہ کونسا کلمہ ہے جو بات کو لازم کرنے کے لیے آتا ہے؟

1) کلمہ "علیٰ" 2) کلمہ "باء" 3) کلمہ "فاء"۔

124) اور "علیٰ" مجازاً کس معنی میں آتا ہیں؟

1) "باء" شرط 2) غایت کے لئے 3) علیٰ کے لئے بھی آتا ہے۔

125) اگر کوئی شخص یہ کہے "لفلان علیّ الف" تو اس سے کیا مراد ہوگا؟

1) دین "قرض مراد ہوگا" 2) قرض مراد نہیں ہوگا 3) شخص مراد ہوگا۔

126) قال "رأس الحصن" "آمنونی علی عشرۃ من أھل الحصن" اس مثال میں مسلمانوں کو جو دس پر فوقیت حاصل ہوئی وہ کس کی وجہ سے ہیں۔

1) علیٰ عشرۃ 2) صرف عشرۃ 3) امن کی وجہ سے۔

127) کبھی مجازاً باء کے معنی میں استعمال ہوتا ہے اس کی مثال یہ ہے کہ اگر کسی آدمی نے کہا: "بعتك هذا علی الف" تو یہاں چونکہ ہزار درھم کس چیز کے طور پر ہوگئے؟

1) معاوضہ کے طور پر مذکور ہوئے ہیں 2) واجب کے طور پر 3) ان میں سے کوئی نہیں

Scanned with CamScanner

128) امام اعظم ابو حنیفہ (رحمۃ اللہ علیہ) فرماتے ہیں کہ اگر کسی عورت نے اپنے خاوند سے "طلقني ثلاثاً على ألف" تو یہاں علی کس معنی میں ہے؟ لہٰذا ہزار درہم لازم ہونے کے لئے تین طلاقیں دینا کیا ہے؟

1) شرط کے معنی میں اور ہزار درہم میں شرط ہے 2) واجب کے معنی اور طلاقیں واجب
3) ان میں سے کوئی نہیں۔

129) کلمہ "في" کس معنی میں ہے؟

1) ظرف کے معنی میں 2) ترتیب کے معنی میں 3) فصل کے معنی میں۔

130) قال اصحابنا (رحمہ اللہ علیہ) اگر کسی شخص نے کہا "غصبت ثوباً في منديل" "أو" تمراً في قوصرة" لہٰذا اس میں ظرف اور مظروف غصب ہونے تو کیا لوٹانا لازم آئے گا؟ (چیز)

1) دونوں کو لوٹانا لازم ہے 2) صرف کپڑے کو لوٹانا لازم ہے
3) صرف ٹوکری سمیت لوٹانا لازم ہے۔

131) وہ کونسا کلمہ ہے جو زمان اور مکان بلکہ فعل میں بھی استعمال ہوتا ہے

1) في 2) بل 3) لكن۔

132) اگر کسی شخص نے کہا "انت طالق غداً" اس مثال میں صاحبین فرماتے ہیں کہ لفظ "في" کو حذف کرنا یا ذکر کرنا دونوں برابر ہیں دونوں صورتوں میں طلاق کب واقع ہو جائے گی؟

1) فجر طلوع ہوتے ہی 2) طلوع نہ ہونے کے ساتھ
3) سورج طلوع ہونے کے بعد کسی جزء میں۔

133) اگر کسی شخص نے کہا "ان صمت الشہر فانت کذا" اس مثال میں "في" حذف ہے
طلاق کب واقع ہوگی؟

1) ایک پورا مہینہ روزہ رکھنے کی صورت میں 2) آدھے مہینے کے روزے رکھنے کی صورت میں
3) ان میں سے کوئی نہیں۔

134) اگر "في" فعل (مصدر) پر داخل ہو تو کس کا معنی دیتا ہے؟

1) شرط کا 2) ظرف کا 3) واجب ہونے کا۔

135) اگر کسی شخص نے اپنی بیوی سے کہا "انت طالق فی دخولك الدار" تو طلاق
کے لئے کیا چیز شرط ہوگی؟

1) گھر میں داخل ہوتے ہی 2) گھر میں داخل نہ ہوتے ہی 3) گھر سے نکلنے کے بعد۔

136) وفي "الجامع" لو قال "انت طالق فی مجیء یوم" تو طلاق واقع ہو جائے گی؟

1) لم تطلق حتی یطلع الفجر 2) ما تطلق حتی یطلع الفجر 3) ان تطلق حتی یطلع الفجر۔

137) حرف "باء" کا لغوی "وضع" یہ ہے؟

1) الصاق یعنی "اتصال کے لیے 2) ملاکر کو متصل کرنے کے لیے
3) اِن دونوں میں سے کوئی نہیں۔

138) حرف "باء" کے معنی کا استعمال بقیہ ~~اس~~ کس میں ہوتا ہے؟

1) مجازی میں 2) حقیقت میں 3) لازم میں۔

Scanned with CamScanner

139) یعنی جس چیز کا سودا ہو رہا ہے اس میں کیا "اصل" ہے؟

1) بیع میں اصل مبیع ہے 2) مبیع میں اصل ثمن ہے 3) مبیع میں اصل بیع ہے۔

140) جس چیز کا سودا ہو رہا ہے اس میں کیا "شرط" ہے؟

1) ثمن یعنی "قیمت" شرط ہے 2) ملک کا ہونا شرط ہے 3) خریدار کا ہونا شرط ہے۔

141) اگر مبیع ہلاک ہو جائے تو سودے کی کیا صورت ہے؟

1) سودا ختم ہو جائے گا 2) سودا اُس وقت شروع ہو جائے گا۔
3) سودا ہمیشہ باقی رہے گا۔

142) اگر ثمن ہلاک ہو جائے تو سودے کی کیا صورت ہوگی؟

1) سودا برقرار رہے گا 2) سودا شروع نہیں ہوگا 3) سودا ختم ہو جائے گا۔

143) حرف "باء" کے استعمال والا قاعدہ یہ ہے؟

1) اصل تابع کے ساتھ نہیں ملتا، تابع اصل کے ساتھ ملتا ہے۔
2) تابع مبیع کی اصل ہے 3) اصل تابع ہی کے ساتھ ہوتا ہے۔

144) اگر حرف "باء" ثمن پر داخل ہو جائے تو تابع کی کیا صورت ہے؟

1) سودے میں ثمن کے تابع نہیں ہوگا۔
2) سودے میں اصل کے تابع ہوگا۔
3) سودے میں اصل اور ثمن دونوں کے تابع ہوگا۔

145) حرف "با" جس چیز پر داخل ہو جائے وہ مبیع نہیں بلکہ یہ ہوگا؟

1) وہ ثمن ہو جائے گا 2) وہ تابع ہو جائے گا 3) وہ مبیع میں داخل ہو جائے گا۔

146) اگر کسی شخص نے یہ کہا "بعت منك هذا العبد بِكُرٍّ من الحنطة" تو اس میں غلام اور گندم کیا ہو گئے؟

1) غلام مبیع اور گندم ثمن ہوگی 2) غلام، بیع اور گندم اصل ہوگی۔
3) گندم مبیع اور غلام ثمن ہوگا۔

147) اور اگر کسی شخص نے یہ کہا "بعت منك کرا من الحنطة" تو اس میں غلام اور گیہوں کیا ہوں گے؟

1) غلام ثمن اور گیہوں مبیع ہوں گی 2) غلام مبیع اور گیہوں ثمن ہوں گا۔
3) ان میں سے کوئی نہیں۔

148) اس مثال میں بیع کون سی ہوگی؟

1) بیع سلم ہوگی 2) بیع فاسد ہوگی 3) بیع صرف ہوگی۔

149) وہ کونسی مطلق خبر ہے جو جھوٹی بھی ہو تو غلام آزاد ہو جائے گا؟

1) إن أخبرتني أنّ فلانا قدم فأنت حرٌّ 2) إن أخبرتني بقدوم فلان فأنت حرٌّ۔
3) ان میں سے کوئی نہیں۔

150) بیان کی کتنی اقسام ہے؟

1) سات 2) پانچ 3) آٹھ

151) لفظ کا معنی ظاہر ہو لیکن اس میں کسی دوسرے معنی کا بھی استعمال ہو تو متکلم ظاہری معنی کے ساتھ اپنی مراد کو واضح کردے یوں اس کے بیان سے ظاہر کا حکم پکا ہو جائے گا: اس تعریف کا نام یہ ہے؟

1) بیانِ تقریر ہے 2) بیانِ ضرورت ہے 3) بیانِ تبدیل ہے۔

152) فهو ما إذا كان اللفظ غير مكشوف المراد فكشفه ببيانه اس تعریف کا درست ترجمہ یہ ہے؟

1) جب لفظ کی مراد واضح نہ ہو تو متکلم اپنے بیان سے اس کی وضاحت کردے۔
2) جب لفظ کی مراد واضح نہ ہو تو اور متکلم بھی نہ سمجھائے اس بیان کو۔
3) وہ بیان جو متکلم نے کیا اپنے بیان کے ساتھ اور لفظ کی مراد واضح نہ ہو۔

153) بیانِ تفسیر اور بیانِ تقریر دونوں پہلے کلام سے ملا کر یا الگ ہو تو کیا ہوتے ہیں؟

1) دونوں طرح صحیح ہوتے ہیں 2) دونوں طرح غلط ہوتے ہیں
3) دونوں کا حکم لازم نہیں ہوتا۔

154) متکلم اپنے بیان کے ساتھ اپنے ہی کلام کا معنی بدل دے: اس تعریف کا نام کیا ہے؟

1) بیانِ تقریر 2) بیانِ تفسیر 3) بیانِ ضرورت۔

155) معلق بالشرط احناف کے نزدیک کب سبب بنتی ہے؟

1) جب شرط پائی جائے 2) جب شرط نہ پائی جائے 3) ان میں سے کوئی نہیں

Scanned with CamScanner

156) امام شافعی (رحمۃ اللہ علیہ) کے نزدیک تعلیق کیا سبب بنتی ہے؟

1) شرط کا نہ پایا جانا نفاذِ حکم میں مانع ہو  2) شرط کو حذف کیا ہو
3) شرط کا پایا جانا ضروری ہو۔

157) ایک شخص نے اجنبیہ عورت سے کہا "ان تزوجتک فانت طالق" یا کسی دوسرے کے غلام سے کہا "ان ملکتک فانت حر" تو امام شافعی (رحمۃ اللہ علیہ) کے نزدیک یہ تعلیق کیا ہے؟

1) یہ تعلیق باطل ہے  2) یہ تعلیق باطل نہیں ہے  3) ان میں سے کوئی نہیں۔

158) تعلیق کا کیا حکم ہے؟

1) صدرِ کلام علت بن سکے  2) صدرِ کلام علت نہ بن سکے  3) ان میں سے کوئی نہیں

159) ہمارے نزدیک وقوعِ تعلیق کے صحیح ہونے کے لیے کتنی باتوں کا ہونا ضروری ہے؟

1) دو باتوں میں سے ایک کا ہونا شرط ہے  2) دو باتوں کا ہونا ضروری ہے
3) ان میں سے کوئی نہیں۔

160) احناف کے نزدیک استثناء کے بعد ~~جو کچھ باقی بچتا ہے~~ اس کے ساتھ کلام کرتے ہیں؟

1) ~~اس کے ساتھ کلام ہوتا ہے~~ ما بعد استثناء سے  2) ~~اس سے کلام شروع نہیں کرتے~~ ما قبل استثناء سے
3) ~~اس کے ساتھ بات کو ختم کیا جاتا ہے~~ مکمل جملہ سے

161) امام شافعی (رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ) کے نزدیک آغازِ کلام کے لئے کیا چیز علت بنتی ہے؟

1) وجوبِ کل  2) وجوبِ جزء  3) وجوبِ بعض

Scanned with CamScanner

(162 شرط اور استثناء غیر مستقل کلام ہوتے ہیں کس کے بغیر معنی کا فائدہ
نہیں دیتے؟

(1 اپنے ماقبل کے ✓ (2 اپنے مابعد کے (3 کلام کی انتہاء کے۔

(163 بیان تغییر کب صحیح ہوتا ہے؟

(1 جب متصل ہو ✓ (2 جب انفصال ہو (3 جب متصل نہ ہو۔

ماشاء اللہ

Scanned with CamScanner